پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ : www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ : www.rbi.org.in

ای میل : helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001

فون 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358


09 نومبر 2018

## بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت ہدایات

## سیکر اربن کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ، سیکر (راجستھان)

عوام کی جانکاری کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک آف انڈیا نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (1) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، میں حاصل اپنے اختیار کا استعمال کرتے ہوئے ''سیکر اربن کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ'' کے لئے کچھ ہدایات جاری کی ہیں جس کی رو سے 9 نومبر 2018 کو کام کے اختتام سے یہ بینک بغیر ریزروبینک کی پیشگی تحریری منظوری کے کسی پیشگی رقم ،قرض کی تجدید نہیں کر سکے گی۔ نہ وہ کوئی انویسٹمنٹ کرے گی، نہ نئے ڈپازٹس لے گی اور نہ ہی وہ کسی سے قرض لے کر اپنی ذمہ داریاں بڑھائے گی۔ وہ اپنی کسی ادائیگی کو ادا کرے گی اور نہ ہی اپنی کسی دینداری کی ادائیگی کی حامی بھرے گی اور نہ ہی اُس کے لئے کوئی سمجھوتہ کرے گی وہ نہ تو اپنی کسی پراپرٹی یا کسی اثاثہ کو فروخت یا ٹرانسفر کرے گی سوائے ان کے جس کی اجازت آر بی آئی نے اپنے مورخہ 26 اکتوبر 2018 کی ہدایات میں دے رکھی ہو۔ عوام کی جانکاری کے لئے اس ڈائریکٹو کی ایک کاپی بینک کے احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی جائے۔ خاص طور سے وہ ہدایت جس کے تحت صرف دو ہزار روپیہ (/-Rs.2000) تک کی رقم آر بی آئی کی مندرجہ بالا ہدایات کی شرائط کے مطابق سیونگ بینک اکاؤنٹ، کرنٹ اکاؤنٹ یا کسی اور ڈپازٹ اکاؤنٹ کے مجموعی بیلنس میں سے نکاسی کی اجازت دی جاسکتی ہے۔

مندرجہ بالا ہدایات کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ ریزروبینک نے اس کا بینکنگ لائسنس منسوخ کر دیا ہے۔ یہ بینک کچھ پابندیوں کے ساتھ اپنا بینکنگ کاروبار، جب تک اس کی مالی حالت میں بہتری نہیں آجاتی، جاری رکھے گی۔ ریزروبینک حالت کے مدنظر ان ہدایات میں ترمیمات پر غور کر سکتا ہے۔

انیرودھا ڈی جادھو

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز : 1085/2018-2019